© rasailojaraid.com



## ترکی میں نابینا افراد کے لیے تعلیمِ قرآن کا نظم

ترکی میں بصارت سے محروم افراد کے لیے بریل زبان میں قرآن کی تعلیم کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے جس میں بڑی تعداد میں نابینا افراد شرکت کر رہے ہیں۔ دیانت پارٹی کے شعبۂ اسلامیات کے سربراہ بنیامن البایراک نے کہا کہ ان تعلیمی مجلسوں میں عوام بالخصوص نابیاؤں کی دلچسپی دیدنی ہے۔ دوسرے طویل العمر افراد کے مقابلہ میں نوجوان طلبہ بریل زبان میں قرآن مجید زیادہ شوق سے سیکھ رہے ہیں۔ گذشتہ سال اس مرکز سے دو ہزار تین سو افراد نے قرآن سیکھا جس میں نوجوانوں کی تعداد زیادہ تھی۔ بینائی سے محروم اشخاص کے علاوہ دیگر معذور افراد کو بھی قرآن سکھانے کا نظم کیا گیا ہے۔ خاص بات یہ نابینا افراد کہ عام افراد سے زیادہ قرآن سیکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ (معارف، ستمبر ۲۰۱۶ء)

## ادارہ علوم القرآن کے زیر اہتمام ”مسلمان اور غیر مسلمین میں ربط و تعاون کی بنیادیں۔ قرآن مجید کی روشنی میں“ کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

ادارہ علوم القرآن کا دسواں سیمینار ”مسلمان اور غیر مسلمین میں ربط و تعاون کی بنیادیں قرآن مجید کی روشنی میں“ کے موضوع پر ۱۶، ۱۷ ر نومبر ۲۰۱۶ء کو مدرسۃ الاصلاح کے تعاون و اشتراک سے مدرسۃ الاصلاح (سرائے میر، اعظم گڑھ) میں منعقد ہوا۔ اسی موضوع پر منعقد ہونے والا یہ دوسرا سیمینار تھا۔ اس میں ملک کے طول و عرض سے علماء، محققین و اسکالرس نے شرکت کی اور مقررہ موضوع کے مختلف پہلوؤں پر مقالات پیش کیے۔ مقالات پر بحث و مباحثہ بھی ہوا۔ سامعین میں مدرسۃ الاصلاح کے طلبہ و اساتذہ کے علاوہ اعظم گڑھ کے معروف دینی مدارس کے اساتذہ و طلبہ اور قرب و جوار کے اہل علم بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔ اس سیمینار کا ایک خاص پہلو یہ تھا کہ اس میں متعدد مدارس کے مندوبین شریک ہوئے جن میں خاص طور سے بیت العلوم سرائے میر، جامعۃ الفلاح

© rasailojaraid.com